**26/07/2025**

**09.25 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ  انوار الحق سے خبریں سُنئے**

**وجے دیوس**

**قوم آج 1999 کے کرگل جنگ کے ہیروز کو خراج عقیدت پیش کر رہی ہے۔ لداخ میں 26 ویں کرگل وجے دیوس کی تقریبات کے ایک حصے کے طور پر آج صبح 7 بجے کرگل میں بڑے پیمانے پر پَد یاترا منعقد کی گئی جس میں ایک ہزار سے زیادہ نوجوانوں ، سابق فوجیوں ، مسلح افواج کے اہلکار ، شہداءکے اہل خانہ اور سول سوسائٹی کے ممبران نے حصہ لیا۔**

**یاترا کی قیادت مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ اور دفاع کے وزیر مملکت سنجے سیٹھ نے کی۔ کرگل وار میموریل دراس میں تقریبات کا آغاز فوجی اور سویلین معززین کی آمد کے ساتھ ہورہا ہے ۔آج کی تقریب کے مہمان خصوصی مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ ہیں ، جو لداخ کے لیفٹیننٹ گورنر کویندر گپتا اور دفاع کے وزیر مملکت کے ہمراہ جنگی یادگار پر خراج عقیدت پیش کرنے میں شامل ہو رہے ہیں۔**

**بعد میں چیف آف آرمی سٹاف سائٹ پر فوجیوں کے ساتھ بات چیت کریں گے ۔**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کر گل وجے دِوس کے موقعے پر شہید ہوئے فوجی جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے پیغام میں لیفٹنٹ گورنر نے کر گل جنگ کے دوران مسلح افواج کی ہمت، بہادری اور شجاعت کے جذبے کو سلام پیش کر تے ہوئے انہیں قوم کے حقیقی ہیرو قرار دیا ۔**

**ملاقات**

**سنٹرل یونیورسٹی آف کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر اے رویندر ناتھ نے راج بھون میں لیفٹینٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی، جس دوران یونیورسٹی کے تعلیمی اور انتظامی اہمیت کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔دریں اثناءکلسٹر یونیورسٹی سری نگر کے وائس چانسلر پروفیسر محمد مُبین نے بھی لیفٹینٹ گورنر سے ملاقات کی۔**

ستیش شرما

اِنفارمیشن ٹیکنالوجی اور اَمورِ صارفین کے وزیر ستیش شرما نے گوگل اِنڈیا کے کنٹری ڈائریکٹر اشیش واتل اور نارتھ سٹیٹس پبلک سیکٹر گوگل کے سربراہ سنجے دیوان سے ملاقات کی۔جس دوران جموں و کشمیر میں ڈیجیٹل ترقی اور نوجوانوں کی شمولیت کو فروغ دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔

دریں اثناءوزیر موصوف نے متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے جموں کشمیر میں سمارٹ پی ڈِی ایس کی عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر میں طویل عرصے سے متوقع ’’سمارٹ پبلک ڈِسٹری بیوشن سسٹم اگست 2025 کے وسط تک پوری طرح فعال ہوجائے گا۔

یاترا

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا احسن طور جاری ہے ۔کل دن بھر 8 ہزار 181 یاتریوں نے پوتر گھپا میں حاضری دی ۔ اس طرح تین جولائی کو یاترا شروع ہونے سے کل رات دیر گئے تک مجموعی طور پر 3 لاکھ 60 ہزار 320 یاتریوں نے امر ناتھ گپھا مینشیو لنگم کے درشن کئے ہیں ۔ اُدھرجموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج صبح 2ہزار324 یاتریوں کا ایک اور قافلہ وادی کی طرف روانہ ہو ا۔

سکل

وکست بھار ت کے قومی نظریے کے عین مطابق جموں کشمیر حکومت یو ٹی میںہنر مندی کو فروغ دینے کا ایک فعال اور دیر پا نظام قائم کرنے کیلئے متعدد اقدامات کر رہی ہے ۔ اس ضمن میں جموں کشمیر میں سکل ڈیولپمنٹ محکمے کے ڈائریکٹر شہزاد عالم نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

...................

چیف سکریٹری

چیف سکریٹری اٹل ڈلو نے لوگوں کی زندگی میں آسانی پیدا کرنے کے لئے آئی ٹی پلیٹ فارمز کو مزید موثر بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے ۔ جموں کشمیر میں انفارمیشن ٹکنالوجی کے جاری منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ لینے کی غرض سے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے مختلف سرکاری اسکیموں سے متعلق ڈیش بورڈز کے ڈیزائن اور انہیں مزید فعال بنانے میں نمایاں بہتری لانے کی ہدایت دی ۔

پولیس

ایکٹ کے تحت داود کالونی آنچار میں خضر NDPS سرینگر پولیس نے
ٹِپلو

---

نامی ایک منشیات فروش کا تقریباً 55 لاکھ روپے کی مالیت کا املاک کو قرق کیا ہے ۔ ¾

اُدھر پولیس نے تُجر شریف کے حمید لون اور جاوید وانی اور ریبَن سوپور کے فردوس ڈار نامی منشیات فروشوں کو NDPS ایکٹ کے تحت بُک کیا ہے۔

پولیس نے گاندربل ضلع کے کھیر بھوانی پولیس سٹیشن کے دائرہ اختیارات کے تحت آنے والے کئی علاقوں میں ایک مہم کے تحت بھنگ کی کاشت کو تباہ کیا ہے ۔

بڈگام ضلع میں بھی چرار شریف علاقے میں ایسی ہی ایک مہم کے تحت کافی مقدار میں بھنگ کو تباہ کیا گیا ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت20 اعشاریہ 1 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26 اعشاریہ 3ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ